B

رول نمبر ______________

2017 (A)

# سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

## اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) گروپ - پہلا

وقت = 2.10 گھنٹے | حصہ انشائیہ | کل نمبر = 60

## حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

"حصہ نظم"

(i) کلیاں دل کی کھل جائیں گی، باد صبا اٹھلائے گی
فصلِ بہار ہے آنے والی، دیکھتے ہیں آثار ہمیں

(ii) اُڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

(iii) یہ سعادت حورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی
غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

(iv) مرے بیٹے کو مبارک یہ خوش گوار گھڑی
کہ سر کا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی

"حصہ غزل"

(v) ترے رتبہ دانِ محبت کی حالت
ترے شوق میں کیا سے کیا ہوگئی ہے

(vi) آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا
آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

(vii) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے
یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) یہاں یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ دنیا میں قومیت کی تشکیل کی دو بنیادیں ہیں: ایک وہ جو مغربی مفکرین نے قائم کی ہے۔ دوسری وہ جو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قائم کی ہوئی ہے۔ اہلِ مغرب نے خاندانی، نسلی اور قبائلی بنیادوں میں ذرا وسعت پیدا کر کے قومیت کی بنیادیں جغرافیائی حدود پر استوار کیں اور کہا کہ قوم وطن سے بنتی ہے۔ اس نظریے کی وجہ سے دنیا کے انسانوں کے درمیان تباہی کا جو دروازہ کھلا، وہ دو عالمی جنگوں کے ہونے سے بخوبی ظاہر ہے۔

(ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔ اُردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی جس کے ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ ناملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔ بڑے شوق اور سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہارِ خیال فرماتے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) نعت کے آخری شعر میں خضر سے کون سی ہستی مراد ہے؟
(ii) مرزا محمد سعید نے کس کالج میں تدریس کے فرائض انجام دیے؟
(iii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟
(iv) مصنف سجاد حیدر یلدرم پر اس فقیر نے کیا اثر کیا؟
(v) لڑکی کیوں سفر کر رہی تھی؟
(vi) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟
(vii) علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جا سکتی ہے؟
(viii) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجیے۔

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) مُلمّع (ب) استنبول

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) تندرستی ہزار نعمت ہے۔ (ii) چائے کی ایک دعوت (iii) سیلاب

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

مسلمانوں کے ایک ہزار سالہ دورِ اقتدار میں ہندو اور مسلمان ساتھ ساتھ رہے۔ انہوں نے ایک دوسرے سے بہت کچھ سیکھا۔ ہندوؤں کی بعض رسمیں مسلمانوں میں رائج ہوئیں اور بعض اسلامی تصورات ہندوؤں میں مقبول ہوئے لیکن ہندو اور مسلمان آپس میں جذب ہو کر ایک معاشرہ نہ بن سکے۔ ہندو مسلمان عموماً الگ الگ محلوں میں رہتے تھے۔ ہندو معاشرہ ذات پات کے بندھنوں میں جکڑا ہوا تھا۔ اس لیے ہندو نہ تو آپس میں متحد ہوتے تھے نہ مسلمانوں کی طرف خلوصِ دل سے ہاتھ بڑھاتے تھے۔ اگرچہ مسلمان اور ہندو دونوں قومیں ایک خطۂ ارض میں رہتی تھیں لیکن مسلمانوں کی رواداری کے باوجود ہندوؤں کے معاشرتی اور مذہبی تعصبات پختہ ہوتے گئے۔ باہمی میل جول اور یگانگت کا خاصا فقدان رہا۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کی یہ الگ الگ حیثیت پورے اسلامی دور میں نمایاں رہی۔ اس صورتِ حال کو پاکستان کی مخصوص اصطلاح میں دو قومی نظریہ کہتے ہیں۔

سوالات:۔ (۱) ہندو معاشرہ آپس میں متحد کیوں نہ ہو سکا؟
(۲) مسلمانوں نے ہندوؤں پر کتنے عرصے تک حکومت کی؟
(۳) ہندوؤں اور مسلمانوں کے آپس میں تعلقات کیسے رہے؟
(۴) ہندوؤں اور مسلمانوں نے ایک ساتھ رہ کر ایک دوسرے سے کیا کچھ سیکھا؟
(۵) دو قومی نظریہ کیا ہے؟

| |
|---|
| PAPER CODE |
| NUMBER: 9021 |

2017 (A)

رول نمبر ________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ

## حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) مصنف ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی بنیادیں بتائی ہیں۔ (A) ایک (B) دو (C) چار (D) آٹھ

(2) پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں ملا۔ (A) روپیا پیسا (B) کنکر پتھر (C) خلعت اور زیورات (D) جواہرات

(3) شاکر صاحب مصنف کو لے گئے۔ (A) سلیم پور (B) دلی (C) جے پور (D) شاہ پور

(4) لڑکی نے قلی کو رقم دی۔ (A) اٹھنی (B) ایک روپیا (C) پانچ کا نوٹ (D) دس روپے

(5) چغل خور کام جانتا تھا۔ (A) لکڑی کا (B) معماری کا (C) لوہے کا (D) کھیتی باڑی کا

(6) سبق '' نام دیو مالی '' کتاب سے لیا گیا ہے۔ (A) چند ہم عصر (B) مقدمات عبدالحق (C) خطبات عبدالحق (D) بزم خوش نفساں

(7) دوسرے خط کے مطابق مرزا غالب کو کتابیں موصول ہوئیں۔ (A) بیس (B) تینتیس (C) تیس (D) تینتالیس

(8) ع صحن چمن کی مٹی کو ہم اپنے ____ سے سینچیں گے۔ (A) دریا (B) تالاب (C) خون (D) جوہڑ

(9) قفس کے گھر میں آیا ہے۔ (A) ہوا کا جھونکا (B) خوش کن پیغام (C) پیام بہار (D) ایک اور اونٹ

(10) شاعر حسرت موہانی نے رہنما ٹھہرایا ہے۔ (A) وصلِ محبوب کو (B) محبوب کی تمنا کو (C) واعظ کی نصیحت کو (D) غمِ روزگار کو

(11) '' قائدِ اعظم '' گرامر میں ہے۔ (A) کنیت (B) عُرف (C) خطاب (D) لقب

(12) '' پیالی '' گرامر میں ہے۔ (A) اسم صوت (B) اسم مصغر (C) اسم مکبر (D) اسم مصدر

(13) '' ڈاک خانہ '' گرامر کی رُو سے ہے۔ (A) ظرفِ زماں (B) ظرفِ مکاں (C) اسم مصدر (D) مصدر لازم

(14) درست تلفظ والا لفظ ہے۔ (A) مَحَبّتْ (B) مُحَبّتْ (C) مَحَبّتُ (D) مُحَبّتَ

(15) '' جسم '' کا درست تلفظ ہے۔ (A) جِسَمْ (B) جَسُمْ (C) جِسْمْ (D) جَسْمُ

(5)

رول نمبر ______

2017 (A)

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

## اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) گروپ ـ دوسرا

وقت = 2.10 گھنٹے

**حصہ انشائیہ**

کل نمبر = 60

### حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔**

**2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔** 10 = 5 x 2

" حصہ نظم "

(i) زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے — بچھائے ہیں اُسی داتا نے دستر خوان نعمت کے

(ii) وہ لُو، وہ آفتاب کی حدت، وہ تاب و تب — کالا تھا رنگ دھوپ سے دن کا مثالِ شب

(iii) جن کی تابانی میں اندازِ کہن بھی، نَو بھی ہے — اور تیرے کوکبِ تقدیر کا پرتو بھی ہے

(iv) ٹھٹ پنے کا نرم رَو دریا، شفق کا اضطراب — کھیتیاں، میدان، خاموشی، غروبِ آفتاب

" حصہ غزل "

(v) سلسلہ فتنۂ قیامت کا — تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

(vi) یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق — مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

(vii) نازک تھے کہیں رنگِ گُل و بوئے سمن سے — جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

### حصہ دوم

**3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔** 10 = 5 + 5

(الف) اگر ہم نے نظریۂ پاکستان کو پیشِ نظر رکھا اور اپنی سیرت و کردار کو اس کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کی تو دنیا کی دوسری قوموں میں بھی ہمیں امتیاز حاصل ہوگا اور ہم اسلامی اصولوں کی روشنی میں پاکستان کو توانا، مستحکم، شان دار اور پُرعظمت بنانے میں پوری طرح کامیاب ہوں گے۔

(ب) استنبول یا قسطنطنیہ کی ایک بہت بڑی خصوصیت یہ بھی ہے کہ اسے مساجد کا شہر کہا جاتا ہے، جہاں عثمانی عہد کا طرزِ تعمیر اپنی پوری شان و شوکت کے ساتھ جلوہ گر ہے۔ یوں تو پورے شہر میں تقریباً پانچ سو مساجد ہیں لیکن اسلامی فنِ تعمیر کا اعلیٰ نمونہ سلیمانیہ مسجد ہے۔

**4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10 = 5 x 2

(i) لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا محمد سعید کا رویہ کیسا تھا؟

(ii) اہلِ مغرب نے قومیت کی بنیاد کس پر رکھی ہے؟

(iii) ایک سینما کے سامنے بھیڑ دیکھ کر علی بخش نے کیا کہا؟

(iv) ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟

(v) اسلام کیسے صلح و آشتی کا مذہب ہے؟

(vi) نظم " مال گودام روڈ " کے حوالے سے بتائیں کہ سڑک پر جسے جانا پڑے، اُس کا انجام کیا ہوتا ہے؟

(vii) کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

(viii) کون سے راستے پر چلنے سے مصیبت خوشی میں تبدیل ہو جاتی ہے؟

**5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** 5

(الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ب) چغل خور

**6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔** 15

(i) قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ (ii) حُبِّ وطن (iii) برسات کا موسم

**7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔** 10 = 5 x 2

انتخابِ کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لیے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لیے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچا لیتا ہے اور ایک برا دوست اپنی بدکرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخربِ اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بُری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیرِ زمانہ کی سوانح عمریاں، سفر نامے، تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لیے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعہ سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

سوالات:۔

(۱) کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟

(۲) برا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟

(۳) خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

(۴) طالب علم کے لیے کون سی کتابیں مفید ہیں؟

(۵) اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

PAPER CODE

NUMBER: 9026

2017 (A)

رول نمبر ____________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) گروپ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ

## حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) شاعر نے " لذت افزائے شورِ طفلی " میں ____ کی طرف اشارہ کیا ہے۔ (A) بادل (B) ستارے (C) عیدالفطر کا چاند (D) نمازِ عیدالفطر

(2) شاکر صاحب مصنف کو لے گئے۔ (A) سلیم پور (B) دلی (C) جے پور (D) شاہ پور

(3) چغل خور کام جانتا تھا۔ (A) لکڑی کا (B) معماری کا (C) لوہے کا (D) کھیتی باڑی کا

(4) بندوق اور قلم کی بحث و تکرار میں فتح ہوئی۔ (A) بندوق کو (B) اچھے سلوک کو (C) قلم کو (D) طاقت کو

(5) زمین پر خلقِ خدا ترس رہی تھی۔ (A) پانی کو (B) آبِ خنک کو (C) ٹھنڈی ہوا کو (D) بادل کے سائے کو

(6) کسان قدرت کے جلوے کا ہے۔ (A) نباض (B) گواہ (C) مداح (D) شاہد

(7) روح کو محبت کا مزہ ملتا ہے۔ (A) دل کی ہمسائیگی میں (B) ہجر و فراق میں (C) وصال میں (D) تنہائی اور یکسوئی میں

(8) " مومن " گرامر کی رو سے ہے۔ (A) لقب (B) خطاب (C) تخلص (D) عرف

(9) " گھر " گرامر کی رو سے ہے۔ (A) ظرفِ مکاں (B) ظرفِ زماں (C) اسمِ معرفہ (D) اسمِ صوت

(10) " ڈاک خانہ " گرامر کی رو سے ہے۔ (A) ظرفِ مکاں (B) ظرفِ زماں (C) دفتر (D) اسمِ مکبر

(11) درست تلفظ کی نشان دہی کریں۔ (A) حَسَابْ (B) حِسَابْ (C) حِسَابُ (D) حَسُابْ

(12) درست تلفظ کی نشان دہی کریں۔ (A) مَدْرَسَہ (B) مِدَرْسَہ (C) مَدَرْسَہ (D) مِدْرِسَہ

(13) محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا احمد سعید پر تنقید کی۔ (A) ڈاکٹر تاثیر نے (B) پطرس بخاری نے (C) فیض احمد فیض نے (D) حمید احمد خاں نے

(14) مصنف ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی بنیادیں بتائی ہیں۔ (A) ایک (B) دو (C) چار (D) آٹھ

(15) پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں ملا۔ (A) روپیا پیسا (B) کنکر پتھر (C) خلعت اور زیورات (D) جواہرات

(7)

# BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN

16-3-17

## OBJECTIVE KEY FOR S.S.C (10th / [struck out]) Annual Examination, 2017.

Name of Subject: اردو

Session: 2015-17

Group: 1st

| Q. Nos. | Paper Code 9021 | Paper Code 9023 | Paper Code 9025 | Paper Code 9027 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | B | B | B | A |
| 2. | D | B | C | D |
| 3. | A | A | C | A |
| 4. | A | C | B | B |
| 5. | D | B | D | C |
| 6. | A | D | B | C |
| 7. | B | A | B | B |
| 8. | C | A | A | D |
| 9. | C | D | C | B |
| 10. | B | A | B | B |
| 11. | D | B | D | A |
| 12. | B | C | A | C |
| 13. | B | C | A | B |
| 14. | A | B | D | D |
| 15. | C | D | A | A |
| 16. | | | | |
| 17. | | | | |
| 18. | | | | |
| 19. | | | | |
| 20. | | | | |

Group: 2nd

| Q. Nos. | Paper Code 9022 | Paper Code 9024 | Paper Code 9026 | Paper Code 9028 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | C | C | C | A |
| 2. | B | B | A | C |
| 3. | D | D | D | A |
| 4. | C | A | C | C |
| 5. | A | D | B | B |
| 6. | D | A | D | D |
| 7. | C | A | A | C |
| 8. | B | C | D | A |
| 9. | D | A | A | D |
| 10. | A | C | A | C |
| 11. | D | B | C | B |
| 12. | A | D | A | D |
| 13. | A | C | C | A |
| 14. | C | A | B | D |
| 15. | A | D | D | A |
| 16. | | | | |
| 17. | | | | |
| 18. | | | | |
| 19. | | | | |
| 20. | | | | |

(8)

رول نمبر __________ 2017 (A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( اولڈ کورس ) (SESSIONS 2013-2015, 2014-2016)

گروپ - پہلا

وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

## حصہ انشائیہ

## حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

"حصہ نظم"

(i) بشر کو فطرتِ اسلام پر پیدا کیا جس نے
محمد مصطفیٰؐ کے نام پر شیدا کیا جس نے

(ii) پانی تھا آگ، گرمیِ روزِ حساب تھی
ماہی جو سیخ موج تک آئی کباب تھی

(iii) زمانے کو اب اپنی منزل مبارک
کہ اک خضر صد رہ گزار آ گیا ہے

(iv) یہ سعادت حورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی
غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

"حصہ غزل"

(v) یہ فخر تو حاصل ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں
دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

(vi) ترے رتبہ دانِ محبت کی حالت
ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(vii) مِل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا
ٹوٹ کر دل، اُسی سے ملتا ہے

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) اقبال کے ہاں ہلالِ عید صرف ہمیں خوش ہی نہیں کرتا، ہماری ہنسی بھی اڑاتا ہے۔ یتیموں کی عید کے بارے میں بھی اقبال" اس رویے کی عکاسی کرتے ہیں، جس پر نثر نگار بھی خامہ فرسائی کرتے رہے ہیں۔ یادِ طفلی علامہ اقبال" کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے۔

(ب) وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسر المزاج تھا۔ اس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی، اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) شاعر کے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیغام کیا ہے؟
(ii) مرزا صاحب کی معرکۃ الآرا کتاب کا نام اور مرتب بیان کیجیے۔
(iii) بادشاہ بیگم کا اصلی نام کیا تھا؟
(iv) لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجیے۔
(v) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لبِ لباب کیا تھا؟
(vi) نظم " مال گودام روڈ " میں سڑک پر چلنے والی کن سواریوں کا حلیہ بگڑتا ہے؟
(vii) لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی، اس کا ماحول کیسا تھا؟
(viii) غزل کے مطلع میں شاعرہ ادا جعفری کس بات پر نازاں ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) مرزا محمد سعید (ب) چغل خور

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) عیدین (ii) برسات کا موسم (iii) علم کے فائدے

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتاً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دورِ افق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات:۔
(۱) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟
(۲) تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟
(۳) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟
(۴) دورِ افق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟
(۵) اس عبارت کا مناسب عنوان تحریر کیجیے۔

(6)

| | | |
|---|---|---|
| **PAPER CODE NUMBER: 3021** | 2017 (A) | رول نمبر ____________ |

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

## اردو ( لازمی ) ( اولڈ کورس ) (SESSIONS 2013-2015, 2014-2016)

**گروپ - پہلا**      وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

### حصہ معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر تنقید کی۔ (A) ڈاکٹر تاثیر نے (B) پطرس بخاری نے (C) فیض احمد فیض نے (D) حمید احمد خان نے

(2) کانگریس قائم ہوئی۔ (A) ۱۸۸۵ میں (B) ۱۸۸۶ میں (C) ۱۸۹۵ میں (D) ۱۹۰۶ میں

(3) قلعے کی بڑی بوڑی مغلانیاں سیدانی بی کے سامنے:۔ (A) کام کرتی تھیں (B) کھڑی رہتی تھیں (C) دم نہ مارتی تھیں (D) کان پکڑتی تھیں

(4) عیدالفطر کے موقع پر مُسلم معاشرے کے ____ طبقے کو سب سے زیادہ مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ (A) اُمراء (B) غربا (C) متوسط (D) سفید پوش

(5) مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی۔ (A) باغ میں (B) چٹیل میدان کی طرف (C) پائیں باغ میں (D) دریا کی سمت

(6) لڑکی نے قُلی کو رقم دی۔ (A) اٹھنی (B) ایک روپیا (C) پانچ کا نوٹ (D) دس روپے

(7) چغل خور کو چغل خور کہیں تو وہ:۔ (A) لڑ پڑتا ہے (B) بھاگ جاتا ہے (C) ناراض ہوجاتا ہے (D) شرمسار ہوجاتا ہے

(8) ذات باری تعالیٰ کی شان نظر آتی ہے۔ (A) سرد و گرم میں (B) خشک و تر میں (C) اُجالے اور تاریکی میں (D) ان سب میں

(9) زمین پر خلق خدا ترس رہی تھی۔ (A) پانی کو (B) آبِ خنک کو (C) ٹھنڈی ہوا کو (D) بادل کے سائے کو

(10) انتہا تک پہنچنے کی شرط ہے۔ (A) ابتدا کرنا (B) جہدِ مسلسل (C) ایثار (D) چاہت اور محنت

(11) " محبوب " کا درست تلفظ ہے۔ (A) مَحْبُوبْ (B) مِحْبُوبْ (C) مُحَبُوبْ (D) مَحَبُوبْ

(12) درست تلفظ والا لفظ ہے۔ (A) حِلَالْ (B) حَلَالْ (C) حُلَالْ (D) حُلّالْ

(13) " قائدملت " گرامر کی رو سے ہے۔ (A) خطاب (B) لقب (C) تخلص (D) کنیت

(14) " اینٹ " گرامر کی رو سے ہے۔ (A) اسم مشتق (B) اسم صفت (C) اسم فاعل (D) اسم جامد

(15) اکیلے بامعنی لفظ کو کہتے ہیں۔ (A) حرف (B) مہمل (C) کلام (D) کلمہ

(10)

رول نمبر ________ 2017 (A)

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

## اردو ( لازمی ) ( اولڈ کورس ) (SESSIONS 2013-2015, 2014-2016)

گروپ ۔ دوسرا

وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

### حصہ انشائیہ

### حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

"حصہ نظم"

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا — وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) آب خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر — گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

(iii) یہ سماں اور اک قوی انسان، یعنی کاشت کار — ارتقا کا پیشوا، تہذیب کا پروردگار

(iv) سمجھ لیا تھا جسے جانور سواری کا — وہ اونٹ بوجھ اٹھائے گا ذمہ داری کا

"حصہ غزل"

(v) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا — گنہ گار ہوں، اک خطا ہوگئی ہے

(vi) رُوح کو بھی مزا محبت کا — دل کی ہمسائیگی سے ملتا ہے

(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) اس رُجحان نے تخلیقی سطح پر ایک نئی سمت کی طرف اشارہ کیا ہے جس سے یہ نتیجہ نکالنا بے موقع نہ ہوگا کہ عید کا تصور مسلمانوں کے ہاں محض تہوار منانے اور اُچھل کود کو کلچر بنانے پر منحصر نہیں بلکہ اس خوشی کا رشتہ ہماری اقدار میں بہت دُور تک جاتا ہے، جس سے عید کے بارے میں اُردو شعرا کی تخلیقات کو ایک سمت ہی نہیں ملتی بلکہ ان کا تعلق ہمارے داخلی رویوں کے ساتھ اتنا گہرا ہے کہ ہماری شعری روایت میں یہ عمل صرف یک طرفہ مناظر کشی تک جا کر ختم نہیں ہوتا۔

(ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔ اُردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی۔ جس کے ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ نا ملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔ بڑے شوق اور سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہار خیال فرماتے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) نعت کے پہلے شعر میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کون سی صفات بیان کی گئی ہیں؟

(ii) فراق گورکھپوری کی شامل نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے؟

(iii) نظم " فاطمہ بنتِ عبداللہ " میں فاطمہ کو " راکھ میں دبی ہوئی چنگاری " کیوں کہا گیا ہے؟

(iv) رشید احمد صدیقی کے پہلے خط کے مخاطب کا نام کیا ہے؟

(v) نام دیو نے پانی کی قلت کے زمانے میں چمن کو کیسے شاداب رکھا؟

(vi) ہر چغل خور کس بات کو ماننے سے انکار کرتا ہے؟

(vii) علامہ محمد اقبالؒ نے مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا مطالبہ کب اور کہاں کیا؟

(viii) بادشاہ بیگم کا اصل نام کیا تھا؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ب) نام دیو مالی

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) محنت کی برکتیں (ii) سائنس کے کرشمے (iii) سکول میں میرا پہلا دن

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پرانی چیز ہے اور ہمیشہ سے چلی آئی ہے۔ جہاں تک مجھے ان سے گفتگو کا موقع ملا اور بعض اوقات چھیڑ چھیڑ کر اور کرید کرید کر دیکھا اور ان کی تحریروں کے پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ مولانا اس عیب سے بَری معلوم ہوتے ہیں۔ محمد حسین آزاد نے مولانا شبلی کی کتابوں پر کیسے اچھے تبصرے لکھے ہیں اور جو باتیں قابل تعریف تھیں ان کی دل کھول کر داد دی ہے مگر ان بزرگوں میں سے کسی نے مولانا کی کسی کتاب کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ لاہور میں کرنل ہالرائیڈ کی زیر ہدایت جو جدید رنگ کے مشاعرے ہوئے، ان میں آزاد اور حالی دونوں نے طبع آزمائی کی۔ برکھا رت، حب وطن، نشاط امید اسی زمانے کی نظمیں ہیں۔ آزاد اپنے رنگ میں بے مثل نثار ہیں، مگر شعر کے کوچے میں ان کا قدم نہیں اُٹھتا۔ لیکن مولانا کی انصاف پسندی ملاحظہ کیجیے کہ کیسے لفظوں میں اس نئی تحریک کا سہرا آزاد کے سر باندھا ہے۔

سوالات:۔ (۱) اس عبارت کا عنوان تحریر کیجیے۔ (۲) مولانا کس عیب سے بَری تھے؟

(۳) جدید رنگ کے مشاعروں میں کس قسم کی نظمیں پڑھی جاتی تھیں؟ (۴) نثار کے معنی لکھیے۔

(۵) اس عبارت میں مولانا سے کون مراد ہیں ؟

PAPER CODE NUMBER: 3022

2017 (A)

رول نمبر ________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( اولڈ کورس ) (SESSIONS 2013-2015, 2014-2016)

گروپ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

## حصہ معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) پرستان کی شہزادی کے مصنف کا نام ہے۔
(A) سجاد حیدر یلدرم (B) رشید احمد صدیقی (C) اشرف صبوحی (D) ہاجرہ مسرور

(2) مرزا سعید صاحب کا واحد مشغلہ تھا۔
(A) کتابیں پڑھنا (B) کرکٹ کھیلنا (C) تیراکی کرنا (D) گھڑسواری کرنا

(3) مسلم لیگ قائم ہوئی۔
(A) 1906ء میں (B) 1907ء میں (C) 1908ء میں (D) 1909ء میں

(4) 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی۔
(A) غزلوں کی طرف (B) نظموں کی طرف (C) مرثیے کی طرف (D) شہر آشوب کی طرف

(5) لڑکی نے قلی کو رقم دی۔
(A) دس روپے (B) پانچ روپے (C) ایک روپیہ (D) اٹھنی

(6) مسجد سلیمانیہ کے ساتھ کتب خانے میں قلمی نسخے تھے۔
(A) پچاس ہزار (B) ایک لاکھ (C) ڈیڑھ لاکھ (D) تیس ہزار

(7) استنبول کا فاتح تھا۔
(A) حضرت ایوب انصاریؓ (B) سلطان محمد فاتح (C) مراد ثانی (D) سلطان سلیمان

(8) یہ عالم اللہ تعالیٰ نے بھر دیا۔
(A) رنگ و بُو سے (B) مخلوقات سے (C) جمادات و نباتات سے (D) کشاکش کی صدائے ہاؤ ہُو سے

(9) نظم اونٹ کی شادی میں آج کے پرچے سے مراد ہے۔
(A) آج کا اخبار (B) رسالہ (C) امتحانی پرچہ (D) پولیس کا پرچہ FIR

(10) حسرت موہانی کے مطابق ہے " ____ بھی راحت فزا ہوگئی ہے"۔
(A) رنج (B) مصیبت (C) ناکامی (D) مسرت

(11) اسم مشتق کی قسمیں ہیں۔
(A) چار (B) پانچ (C) چھ (D) سات

(12) کلمہ کی اقسام ہیں۔
(A) چار (B) تین (C) دو (D) ایک

(13) چندا گرامر کی رو سے ہے۔
(A) عرف (B) لقب (C) خطاب (D) کنیت

(14) درست تلفظ ہے۔
(A) آفضَل (B) اَفصَل (C) اَفْضَل (D) اُفضَل

(15) درست تلفظ ہے۔
(A) تَعَظِیم (B) تُعظِیم (C) تَعظِیم (D) تُعَظِیْم

**BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN**

**OBJECTIVE KEY FOR S.S.C (10th / 9th) Annual Examination, 2017.**

Name of Subject: Urdu comp. 2013-15, 14-16 — Session: Urdu comp 2013-15, 2014-16

Group: 1st

| Q. Nos. | Paper Code 3021 | Paper Code 3023 | Paper Code 3025 | Paper Code 3027 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | C | B | C | B |
| 2. | A | B | D | C |
| 3. | D | D | B | A |
| 4. | B | D | A | C |
| 5. | C | C | A | D |
| 6. | A | A | B | B |
| 7. | C | D | B | A |
| 8. | D | B | D | A |
| 9. | B | C | D | B |
| 10. | A | A | C | B |
| 11. | A | C | A | D |
| 12. | B | D | D | D |
| 13. | B | B | B | C |
| 14. | D | A | C | A |
| 15. | D | A | A | D |
| 16. | | | | |
| 17. | | | | |
| 18. | | | | |
| 19. | | | | |
| 20. | | | | |

Group: 2nd

| Q. Nos. | Paper Code 3022 | Paper Code 3024 | Paper Code 3026 | Paper Code 3028 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | C | D | B | A |
| 2. | A | B | D | B |
| 3. | A | B | A | B |
| 4. | B | D | B | B |
| 5. | D | A | B | A |
| 6. | B | B | B | B |
| 7. | B | B | A | C |
| 8. | D | B | B | C |
| 9. | A | A | C | A |
| 10. | B | B | C | A |
| 11. | B | C | A | B |
| 12. | B | C | A | D |
| 13. | A | A | B | B |
| 14. | B | A | D | B |
| 15. | C | B | B | D |
| 16. | | | | |
| 17. | | | | |
| 18. | | | | |
| 19. | | | | |
| 20. | | | | |

(13)

رول نمبر ________

2017 (A)

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( اولڈ کورس ) ( سیشن 2012-2014 ) گروپ - دوسرا

وقت = 2.10 گھنٹے حصہ انشائیہ کل نمبر = 60

### حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کریں جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

" حصہ نظم "

(i) اُصولِ محبت ہے، پیغام جس کا
وہ محبوبؑ پروردگار آ گیا ہے

(ii) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر
دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

(iii) سمجھ لیا تھا جسے جانور سواری کا
وہ اونٹ بوجھ اٹھائے گا ذمہ داری کا

(iv) ڈگمگا جاتے ہیں ریڑھے لڑکھڑا جاتی ہے جیپ
واپس آ جائے سلامت سائیکل کی کیا مجال

" حصہ غزل "

(v) ترے رتبہ دانِ محبت کی حالت
ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(vi) سلسلہ فتنۂ قیامت کا
تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

(vii) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام
کُنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے۔ حوالۂ متن اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) عالِم کی موت عالَم کی موت ہوتی ہے۔ ابھی ہم کو اس کا اندازہ نہیں ہو سکتا کہ مرزا صاحب کے رخصت ہو جانے سے ہمارا کتنا بڑا نقصان ہو گیا ہے۔ اب ان کی عدم موجودگی رہ رہ کر ہمیں ان کی یاد دلائے گی اور وقت کے ساتھ اُن کی جدائی کا گھاؤ بڑھتا چلا جائے گا۔ مرزا صاحب بہت ہی خاموش کام کرنے والوں میں سے تھے، یعنی اتنے خاموش کہ خود اُن کے زمانے کے اکثر لوگ بھی ان کے علمی و ادبی کارناموں سے واقف نہیں ہوئے۔

(ب) ذرا سا یہ اعلان ہوتے ہی منبر سے دروازے تک چار فیٹ کا راستہ بن گیا۔ نمازی دو رویہ کھڑے ہو گئے۔ ایک انسان بھی اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب مع مندوبین نہایت اطمینان سے باہر آ گئے۔ یہ تنظیم کی بات ہے۔ ترک اب دنیا کی ایک نہایت شائستہ اور منظم قوم بن چکے ہیں۔ ان کا یہ ڈسپلن ان کو دنیا کی بڑی قوم بنا رہا ہے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) مرزا محمد سعید نے کس کالج میں تدریس کے فرائض انجام دیے؟
(ii) انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟
(iii) حمد میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟
(iv) چغل خور کو اپنی بُری عادت سے کیا نقصان اٹھانا پڑا؟
(v) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجیے۔
(vi) علی بخش سے مصنف کی کیسے ملاقات ہوئی؟
(vii) استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا ہے؟
(viii) کون سی دو چیزوں پر محصول وصول نہیں کیا جاتا تھا؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) استنبول (ب) پرستان کی شہزادی

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) علامہ محمد اقبالؒ (ii) چاندنی رات (iii) حُبِ وطن

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ 10 = 5 x 2

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتاً لمغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سُبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہو گئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انہیں خبر بھی نہ ہوئی۔ ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے۔ مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں۔ سیکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے، جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات:۔ (۱) کس زمانے میں پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھی؟ (۲) جے پال کون تھا اور سُبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
(۳) " وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے " کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟ (۴) وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟
(۵) جے پال اور سُبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

PAPER CODE NUMBER: 7024

2017 (A)

رول نمبر ________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( اولڈ کورس ) ( سیشن 2012-2014 ) گروپ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ

## حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) مصنف نے ____ کو فقیر کے لیے نعمت تصور کیا ہے۔
(A) روٹی کی محتاجی (B) دوست نہ ہونے (C) غریب الوطنی (D) بھیک مانگنے

(2) سبق '' مُلمّع '' صنفِ ادب کے لحاظ سے ہے۔
(A) داستان (B) افسانہ (C) مضمون (D) ناول

(3) چغل خور رہتا تھا۔
(A) گاؤں میں (B) قصبے میں (C) شہر میں (D) بیرون ملک

(4) گدلا پانی پودوں کے لیے تھا۔
(A) ضرر رساں (B) بے سود (C) مفید (D) آبِ حیات

(5) '' قائدِ اعظم '' گرامر کی رُو سے ہے۔
(A) خطاب (B) لقب (C) کنیت (D) عرف

(6) '' شہتیر '' گرامر کی رُو سے ہے۔
(A) اسم ظرف (B) اسم مکبّر (C) اسم مصغّر (D) اسم آلہ

(7) '' قلم تراش '' گرامر کی رُو سے ہے۔
(A) اسم آلہ (B) اسم ظرف (C) اسم صوت (D) اسم مکبّر

(8) '' مسلم '' کا درست تلفظ ہے۔
(A) مَسْلِمْ (B) مُسْلِمْ (C) مُسَلِّمْ (D) مُسْلَمْ

(9) '' جلوس '' کا درست تلفظ ہے۔
(A) جِلُوسْ (B) جُلُوْس (C) جَلُوسْ (D) جُلُوس

(10) اللہ تعالیٰ نے انسان کو فطرتِ اسلام پر پیدا کر کے کون سا اور احسان کیا؟
(A) رزق دیا (B) صحت و تندرستی دی (C) اسم محمدؐ کا شیدا کیا (D) عقل و شعور کی دولت دی

(11) اب انسان کو عرفان حاصل ہوگا۔
(A) علم کا (B) حقائق کا (C) کائنات کا (D) انسان کا

(12) ____ وہ راستہ ہے جہاں بادِ صرصر صبا ہوگئی ہے۔
(A) راہِ محبت (B) دیارِ وفا (C) راہ دیارِ غیر (D) راہِ وفا

(13) مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے سند لی۔
(A) بی۔اے کی (B) ایم۔اے تاریخ کی (C) ایم۔اے انگریزی ادب کی (D) ایم۔اے اردو ادب کی

(14) سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا۔
(A) زردہ (B) بونٹ پلاؤ (C) فیرنی (D) بریانی

(15) ع '' ہلالِ عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے '' شاعر ____ کا ہے۔
(A) علامہ محمد اقبالؒ (B) حفیظ جالندھری (C) عبدالمجید سالک (D) حالیؔ